☆

S.S.C - (Part-I)-A-2022

Roll No. ____________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 5 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

گروپ-II

# اُردو لازمی (معروضی)

RWP G2-22

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. کسی شخص کے دل کو پڑا نہیں رہنا چاہیے:
(A) معروف (B) فکر مند (C) بے کار (D) غمگین

2. ''اُس زلف پہ پھبتی شبِ دیجور کی سوجھی'' شاعر کا مصرع ہے:
(A) انشا (B) جرأت (C) درد (D) میر

3. ماسٹر صاحب نے فرمائش کی:
(A) کارن فلیکس (B) لسی (C) چائے (D) کافی

4. چھوٹا بھائی امتحان کی تیاری کے لیے جاتا تھا (سبق ''نصوح اور سلیم کی گفتگو''):
(A) دوست کے گھر (B) رشتہ دار کے گھر (C) پڑوسی کے گھر (D) ہم جماعت کے گھر

5. جمن نے خالہ سے زمین اپنے نام کرائی تھی:
(A) خواب دکھا کر (B) سبز باغ دکھا کر (C) سنہری باغ دکھا کر (D) رعب دکھا کر

6. کوّے خیال نہیں رکھتے:
(A) فکرِ معاش کا (B) توہین کا (C) بارش کا (D) حفظانِ صحت کے اصول کا

7. بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا:
(A) رتی برابر (B) ذرہ برابر (C) بالکل (D) معمولی

8. بادل جھڑیوں کی مستی سے مچا رہے ہیں:
(A) جل تھل (B) شور (C) دھومیں (D) ہلچل

9. کملی میں مگن رہتا ہے:
(A) مجرم (B) محرم (C) نامحرم (D) گدا

10. شاعر نے محبوب کے ہونٹوں کو تشبیہ دی ہے:
(A) پنکھڑی سے (B) چاند سے (C) سورج سے (D) گلاب سے

11. ''بندی'' کا مذکر ہے:
(A) ملازم (B) بندہ (C) نوکر (D) غلام

12. ''رنڈوا'' کی مؤنث ہے:
(A) رنڈوی (B) رنڈ (C) رانڈ (D) رانڈہ

13. ''ذخیرہ'' کی جمع ہے:
(A) ذخائر (B) ذخار (C) اذخار (D) خزائر

14. ''اصناف'' کا واحد ہے:
(A) وصف (B) اوصاف (C) صنف (D) صنفا

15. ''قوت'' کا متضاد ہے:
(A) کمزور (B) رنج (C) اقلیت (D) ضعف

207-09-S-☆-55220

ParhloPakistan.com

R

S.S.C -(Part-I) -A-2022

(For all sessions)

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

# اُردو لازمی (انشائی) گروپ-II

RwP-G2-22

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i. تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا
ii. یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا — مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے
iii. پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں
iv. مِلّت کے ساتھ رابطہ اُستوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ

(حصہ غزل)

i. کہوں کیا ہوئی عمر کیوں کر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا
ii. دِلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اِس درد کی دوا کیا ہے
iii. عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دِن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) بعض اوقات بظاہر سوئی ہوئی بلی اِدھر اُدھر دیکھ کر چپکے سے باہر نکل جاتی ہے۔ اُس سے باز پُرس کی جائے تو خفا ہو جاتی ہے۔ بلی کی جگہ کوئی بھی ہو خفا ہو جائے گا۔ ایک ہی گھر میں سالہا سال گزارنے کے باوجود انسان اور بلی اجنبی رہتے ہیں۔ زندگی کتنی عجیب ہے۔

(ب) ابوجہل نے کہا ہر قبیلے سے ایک شخص انتخاب ہو اور پورا مجمع ایک ساتھ مل کر تلواروں سے ان کا خاتمہ کر دے۔ اس صورت میں ان کا خون تمام قبائل میں بٹ جائے گا اور آلِ ہاشم اکیلے تمام قبائل کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ اس آخری رائے پر اتفاق ہو گیا۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

i. سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟
ii. الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟
iii. تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟
iv. کوّا اگر امر میں ہمیشہ کیا استعمال ہوتا ہے؟
v. دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟
vi. کس کا حق سب سے مقدم ہے؟
vii. امیدِ بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہے؟
viii. درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i.) پنچایت (ii.) لہو اور قالین 05

6. کتاب میں دی گئی نظم "پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7. اپنی بہن کے نام ایک خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ یا پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں ڈاکیے کی شکایت کیجیے۔ 10

8. "گیدڑ کی شامت" کے موضوع پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا تاریخِ پاکستان کے موضوع پر استاد اور شاگرد میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9. درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

i. تم نے حج کرنا ہے۔ ii. بلال نے لاہور جانا ہے۔ iii. لڑکوں نے کرکٹ کو کھیلا۔ iv. کمر کو باندھے ہوئے سب یار بیٹھے ہیں۔ v. اسلم نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال، محاورات کی تکمیل کیجیے۔

i. باسی کڑھی میں ---- ii. قاضی کے گھر کے ---- iii. طویلے کی بلا ------ iv. دل کو دل سے ---- v. آبرو خاک میں ------

208-09-S-55220

ParhloPakistan.com